پر بیٹھی تھیں کہ اُن کی ساڑھی پہیے میں اُلجھ گئی اور وہ گر کر سکوٹر کے ساتھ گھسٹتی چلی گئیں۔ جب کہ بدن سے ساڑھی کا زیادہ حصّہ الگ ہو چکا تھا۔ اب ان چیزوں سے اُونچی ایڑی اور ساڑھی کے خلاف دلیل بازی معقول بات نہ ہوتی۔ اِسی طرح سڑک یا کارخانے یا مشینوں کے ہر ایکسیڈنٹ میں کوئی ایسی وجہ شامل ہوتی ہے جسے کوئی چاہے تو مستقل اُصولی دلیل بنالے۔

بہرحال آپ نے جو محنت کی ہے، اس کو سامنے رکھ کر کام کا نیا نقشہ بنایئے۔

---

**بہادروں کی کہانیاں** | از جناب سیّد نظر زیدی (رفیق ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔

ناشر: ادارۂ بتول۔ لاہور۔ کاغذ، طباعت، ٹائیٹل مناسب۔ قیمت: ۱۲/- روپے

سیّد نظر زیدی کے قلم کی تحقیق کردہ دُنیا میں خاصا بڑا حصّہ بچوں کے لیے خاص ہے۔ بہادروں کی کہانیاں بھی بچوں ہی کے لیے لکھی گئی ہیں۔ اِس کتاب میں ۲۷ کہانیاں ہیں، جو مسلم طرزِ فکر سے لکھی گئی ہیں۔ اور ہر کہانی ہماری تاریخ کا کوئی ورق ہے اور ہر کردار وہیں سے لیا گیا ہے۔ یہ کہانیاں معلومات بھی دیتی ہیں، جذبات بھی پیدا کرتی ہیں اور بچوں کے لیے دلچسپی بھی اپنے اندر رکھتی ہیں۔

---

**انصاف (اشاعت خصوصی)** | زیر سرپرستی ڈاکٹر محمد یونس صاحب۔ باہتمام: روہنگیا سالیڈیریٹی آرگنائزیشن، اراکان برما۔ زرِ تعاون (شاید خاص اس ضخیم شمارہ کے لیے، پاک و ہند ۶/- روپے۔

عربی اُردو زبانوں میں مِلا جُلا یہ دوماہی رسالہ اراکان کی اسلامی تحریک کا ترجمان ہے۔ اور ہر شمارہ مسلمانِ برما کے مصائب کا وثیقہ ہوتا ہے۔ دُنیا کے جن چند خطوں میں مسلمان سخت شکنجے میں مبتلا ہیں۔ اُن میں سے ایک برما کا علاقہ بھی ہے۔ اِس خاص نمبر میں عالم اسلام کے متعلق اور بھی بہت سے احوال درج ہیں۔ اور مفید معلومات شامل ہیں۔

---